28-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کی وجہ سے ملک میں بچت کی تحریک شروع ہوئی ہے۔

۲۔الیکشن کمیشن نے بہار اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ تلنگانہ کے علاوہ مختلف ریاستوں میں منعقد شدنی ضمنی انتخابات کے پیش نظر مبصرین کو مقرر کیا ہے۔

۳۔ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ پردھان منتری دھن دھانیا کرشی یوجنا پیداوار میں اضافہ،فصل کی قیمت میں اضافہ،آبپاشی اور مصنوعات کی ویلیوایڈڈ پروسیسنگ میں مدد کرے گی۔

۴۔تلنگانہ کے سابق وزیر کے ٹی راماراو نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی نے اقتدار میں آتے ہی عوام سے کیئے گئے تمام وعدوں کو پس پشت ڈال دیا ہے اور کوئی بھی وعدہ پورا نہیں کیا۔

MANKIBAT

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کی وجہ سے ملک میں بچت کی تحریک شروع ہوئی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ہر کسی کو سودیشی نعرہ کو زندگی گزارنے کے طریقے کے طور پر اپنانا چاہیے۔آج من کی بات کے 126 ویں ایڈیشن میں مودی نے آل انڈیا ریڈیو کے ذریعے ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے جذبات کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ ووکل فار لوکل کے نظریے کو ایک متاثر کن منتر کے طور پر اپنایا جانا چاہیے اور ملک میں بنی اشیاء کو استعمال کرتے ہوئے صنعت کاروں کی مدد کی جانی چاہیے۔

GST−BYTE

وزیراعظم نے 2 اکتوبر کو گاندھی جینتی کے موقع پر کھادی کے کپڑے پہننے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ پچھلے 11 سالوں میں لوگوں میں کھادی کے کپڑوں کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے جس سے ہینڈلوم سیکٹر کو فروغ ملا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہینڈلوم، دستکاری اور ہماری ثقافتی روایات وہ ہیں جوان نئی ایجادات کے ذریعے اختراع کرتے ہیں اور حیرت انگیز نتائج حاصل کرتے ہیں۔

BYTE - KHADI

وزیراعظم نریندر مودی نے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کی 100 ویں سالگرہ کے موقع پر جو لوگوں میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کر رہی ہے، تنظیم کے ذریعے چلائے جا رہے سماجی خدمت کے پروگراموں پر اظہار خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ آر ایس ایس جس کا آغاز 1925 میں وجے دشمی پر ہوا تھا، ایک صدی سے انتھک سفر جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے اس موقع پر آر ایس ایس تنظیم کے لیے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کیا، جو رضا کارانہ خدمات انجام دے رہی ہے۔

BYTE - RSS

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ فن، ادب اور ثقافت کی کوئی سرحد نہیں ہے اور یہ آفاقی ہیں۔انہوں نے پیرس میں سنتھا منڈپ نامی ثقافتی ادارے کی ستائش کی جس نے ہندوستانی کلاسیکی رقص کو غیر معمولی تشہیر فراہم کی۔انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ 50 سال مکمل کر چکا ہے اور بیرون ملک ہندوستانی فنون کی شاندار نمائش کر رہا ہے۔

BYTE - ART

وزیراعظم نے کہا کہ آنے والے تہواروں کے دوران ملک کے لوگ اپنے گھروں کو خوبصورت بنائیں گے۔تاہم، صفائی صرف گھروں تک ہی محدود نہیں ہے، بلکہ گلیوں، گاؤں، برادریوں وغیرہ میں اسے ایک ذمہ داری کے طور پر لینا چاہیے اور ہر ایک کو صاف ہندوستان کے حصول میں تعاون کرنا چاہیے۔

BYTE - SWACHHATA

Thummala Nageswara Rao

ریاستی وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے کہا کہ پردھان منتری دھن دھانیا کرشی یوجنا پیداوار میں اضافہ، فصل کی قیمت میں اضافہ، آبپاشی اور مصنوعات کی ویلیوایڈیڈ پروسیسنگ میں مدد کرے گی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ اس اسکیم پر عمل آوری کے لیے ریاست کے نارائن پیٹ، گدوال، جنگاؤں اور ناگرکرنول اضلاع کا انتخاب کیا گیا ہے۔ وزیر نے کہا کہ مرکزی حکومت ان چار اضلاع کے لیے 960 کروڑ روپے کے سالانہ اخراجات کے ساتھ چھ سال تک اس اسکیم کو نافذ کرے گی۔

Women Commission Bathukamma

ریاستی ویمنس کمیشن کے دفتر میں دیوی نوراتریوں اور بتکماں تقاریب کے موقع پر ماتروتم اور صحت کے عنوان سے ایک شعور بیداری پروگرام کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس موقع پر خاتون کمیشن کی چیر پرسن نیریلڈا شاردھا، ماں اور بچہ کی صحت کے تعلق سے کمیشن کی جانب سے روبہ عمل مختلف پروگرام کے بارے میں جانکاری فراہم کی۔ اس پروگرام میں حائیڈرا کمشنر اے وی رگناتھ کے علاوہ دیگر اہم شخصیتوں نے شرکت کی۔

MLA of Parties

ارکان اسمبلی کے دل بدلی معاملہ پر بی آر ایس کی جانب سے کی گئی شکایت پر کل سے سماعت کا آغاز ہوگا۔ اِس سلسلہ میں قانون ساز اسمبلی کے سکریٹری نے شیڈول جاری کیا۔ کل چار ارکانِ اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار کے سامنے حاضر ہوں گے۔

Assembly Election Observers

الیکشن کمیشن نے بہار اسمبلی انتخابات کے ساتھ ساتھ تلنگانہ کے علاوہ مختلف ریاستوں میں منعقد شدنی ضمنی انتخابات کے پیش نظر مبصرین کو مقرر کیا ہے۔ جملہ 470 عہدیداروں کو مبصرین کے طور پر مقرر

کیا گیا ہے۔ اِس بات کی جانکاری چیف الیکشن کمیشن نے دی۔ جو بلی ہلز اسمبلی حلقہ کیلئے بی آر ایس سے آنجہانی رکن اسمبلی گوپی ناتھ کی اہلیہ سنیتا مقابلہ کریں گی جبکہ دیگر پارٹیوں کی جانب سے ابھی تک امیدواروں کے نام کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

Group 2 Result

ٹی جی پی ایس سی کے چیرمین گروا وینکٹیشم نے گروپ 2 کے حتمی نتائج جاری کئے۔ عہدیداروں نے جملہ 782 جائیدادوں کیلئے چار مرحلوں میں اسنادات کی جانچ کی۔ ٹی جی بی ایس سی نے 18 قسم کے گروپ 2 کے جائیدادوں کیلئے منتخب ہونے والے ملازمین کی فہرست جاری کی۔

Yellampalli project

سری پادا ایلم پلی پراجکٹ میں بڑے پیمانے پر پانی داخل ہونے کی وجہ سے عہدیداورں نے 43 گیٹوں کو کھول کر نشیبی علاقوں میں پانی چھوڑ رہے ہیں۔ بالائی علاقوں مہاراشٹر میں بارش کی وجہ سے سری رام ساگر پراجکٹ اور گڈم پراجکٹ سے پانی چھوڑا جارہا ہے۔ جس کی وجہ سے منچریال ضلع کے گڑی پیٹا کے قریب واقع سری پادا ایلم پلی پراجکٹ لبریز ہو چکا ہے۔ بڑی پیمانہ پر سیلاب کا پانی جمع ہوجانے کی وجہ سے 8 لاکھ کیوزک پانی چھوڑا جارہا ہے اور عہدیداروں نے عوام سے چوکس رہنے کی اپیل کی ہے۔

KTR:

تلنگانہ کے سابق وزیر کے ٹی راماراو نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی نے اقتدار میں آتے ہی عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کو پس پشت ڈال دیا ہے اور کوئی بھی وعدہ پورا نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے مختلف اضلاع میں لوگ کانگریس حکومت کی ناکامیوں سے پریشان ہیں۔ کے ٹی آر

نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت نے کسانوں، مزدوروں، خواتین، طلبہ اور دیگر طبقات کو بری طرح مایوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو دو لاکھ روپے قرض معافی دینے کا اعلان کیا گیا تھا، لیکن آج تک کوئی عمل نہیں ہوا۔ اسی طرح بے روزگار نوجوانوں کو ملازمتیں دینے کا وعدہ کیا گیا تھا مگر اس پر بھی عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اسپتالوں میں ادویات کی قلت ہے، تعلیمی ادارے بدحالی کا شکار ہیں اور عوامی سہولتوں کے تمام شعبے زوال پذیر ہیں۔ کے ٹی آر نے زور دیا کہ کانگریس پارٹی کو عوام سے کئے گئے وعدے پورے کرنے چاہئیں اور ذمہ داری کے ساتھ حکومت چلانی چاہئے۔

Kondareddypally

ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا کہ ریاست میں دیہی علاقوں کی ترقی کا نشانہ مقرر کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں کانگریس حکومت مختلف ترقیاتی و فلاحی پروگرام نافذ کررہی ہے۔ انہوں نے آج چیف منسٹر کے آبائی گاؤں کونڈا ریڈی پلی میں 134 کروڑ روپے کی لاگت سے بعض ترقیاتی پروگراموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس پروگرام میں ریاستی وزرا جوپلی کرشنا راؤ، واکٹی سری ہری کے علاوہ ضلع کلکٹر ایس پی اور دیگر ارکان اسمبلی وایم ایل سیز نے شرکت کی۔

○○